**17.12.2025**

**21.15 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں..................آسیہ میمونہ

**Music**

..........................................................................

☆ وزیرِ اعظم نریندر مودی تین ملکوں کے دورے کے آخری مرحلے میں مسقط پہنچ گئے ہیں۔ وہ کل Oman کے سلطان سے مذاکرات کریں گے۔

☆ وزیرِ اعظم نے زور دے کر کہا ہے کہ بھارت اور ایتھوپیا کو متحد ہونا چاہیئے تاکہ وہ عالمی جنوب کو وسیع تر آواز مہیا کرسکے۔ انہوں نے افریقی ملکوں کا دو روزہ دورہ کامیابی کے ساتھ مکمل کیا۔

☆ پارلیمنٹ نے بھارتی بیمہ کمپنیوں میں 100 فیصد براہ راست غیرملکی سرمایہ کاری کی اجازت دینے سے متعلق بل کو منظوری دے دی۔ اُس نے 70 ایکٹس کو منسوخ کرنے والے بل کو بھی منظوری دے دی ہے۔

☆ لوک سبھا نے بحث اور غور و خوض کئے جانے کیلئے وکست بھارت جی رام جی بل پر غور و خوض کیا۔ اُس نے بھارت کی کایاپلٹ کرنے کیلئے نیوکلیائی توانائی کو پائیدار طور پر چست درست کرنے اور جدید ترین بنانے سے متعلق بل کو منظوری دے دی ہے۔

☆ روس کے صدر ولادیمیر پوتن نے خبردار کیا ہے کہ اگر امن مذاکرات ناکام رہے تو یوکرین میں روس اپنے مفادات کی حصولیابی کو وسعت دے گا۔

..........................................................................

**(Music)**

اب خبریں تفصیل سے

**FUR REV PM VISIT OMAN**

وزیرِ اعظم نریندر مودی تین ملکوں کے اپنے دورے کے آخری مرحلے میں دو روزہ دورے پر **Oman** کے شہر مسقط میں آج شام پہنچ گئے ہیں۔ وزیرِ اعظم اردن اور ایتھوپیا کے اپنے کامیاب دوروں کی تکمیل کے بعد **Oman** پہنچے ہیں۔

مسقط ہوائی اڈے پر جناب مودی کا استقبال دفاعی امور کے نائب وزیرِ اعظم سید شہاب بن طارق اَلسعید نے کیا۔ دونوں لیڈروں نے بھارت- **Oman** دفاعی تعاون کو مستحکم کرنے اور کلیدی شراکت داری میں پیش رفت کے موضوع پر تبادلۂ خیال کیا۔

بعد میں ہوٹل میں بھارتی برادری کے افراد نے، وزیرِ اعظم کا استقبال کیا۔

**Oman** میں وزیرِ اعظم کے دورے پر رپورٹنگ کیلئے ساتھ گئے ہوئے ہمارے نمائندے نے یہ خبر بھیجی ہے۔

**VC - Rajesh Bali**

*اپنے دو روزہ دورے کے دوران وزیرِ اعظم گی **Oman** کے سلطان کے ساتھ باہمی تعلقات کے تمام موضوعات کا جامع جائزہ لیں گے اور باہمی مفاد کے علاقائی اور بین الاقوامی معاملات کے تناظر پر تبادلۂ خیال کریں گے۔ توقع ہے کہ وہ ایک کاروباری فورم پر دونوں ملکوں کے کاروباری لیڈروں سے خطاب بھی کریں گے۔ جناب مودی بھارتی برادری کے طلباء اور افراد سے بات چیت کریں گے، جو اُن کی آمد کے بے صبری سے منتظر ہیں۔*

***Oman** کی سلطنت کے سربراہ سلطان ہیثم بن طارق کی دعوت پر، وزیرِ اعظم دوست ملک کا دورہ کررہے ہیں۔ جناب مودی کے ساتھ اعلیٰ سطح کا ایک وفد بھی ہے۔*

*یہ دورہ خاصی اہمیت کا حامل ہے کیونکہ یہ ایک ایسے وقت ہورہا ہے، جب بھارت اور **Oman** اپنے سفارتی تعلقات کے قیام کی **70** ویں سالگرہ منا رہے ہیں۔*

***Oman** سے راجیش بالی کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلیے میں فرقان خان۔*

**PM ETHIOPIA**

وزیرِ اعظم نریندر مودی نے آج سہ پہر ایتھیوپیا کا اپنا کامیاب دورہ ختم کیا۔ افریقی ملک کے اپنے دو روزہ دورے کے دوران، جناب مودی نے عدیس ابابا میں اپنے ایتھوپین ہم منصب آبی احمد علی کے ساتھ وسیع تر معاملات پر بات چیت کی۔ دونوں ملکوں نے 8 مفاہمت ناموں پر دستخط بھی کئے، جن میں تعلقات کو کلیدی شراکت داری تک بلندی عطا کرنے کا مفاہمت نامہ شامل ہے۔

آج دن میں، اِس سے قبل وزیرِ اعظم نے عدیس ابابا میں ایتھوپیا کے پارلیمنٹ کے مشترکہ اجلاس سے خطاب کیا۔ وزیرِ اعظم نے کہا کہ بھارت اور ایتھوپیا ایک ایسی دنیا کے تصور میں شریک ہیں، جہاں عالمی جنوب کسی کے خلاف نہیں، بلکہ ہر ایک کیلئے ابھرتا ہے۔

اپنے دورے کے دوران، وزیرِ اعظم مودی کو افریقی ملک کے اعلیٰ ترین اعزاز The Great Honour Nishan of Ethiopia سے نوزا گیا۔ یہ ایوارڈ انہیں باہمی شراکت داری کو مستحکم کرنے کے تئیں، اُن کی خدمات اور ایک عالمی مدبر کے طور پر، اُن کی پیش بینی پر مبنی قیادت کیلئے دیا گیا۔

وزیرِ اعظم کے دورے پر اُن کے ساتھ گئے ہوئے ہمارے نامہ نگار نے یہ رپورٹ پیش کی ہے۔

**VC - Sushil chandra Tiwari**

*Dena Hunuu ، جس کا مطلب ہے، خدا حافظ۔ وزیرِ اعظم نریندر مودی نے ایتھوپیا کی پارلیمنٹ کے مشترکہ اجلاس سے اپنا خطاب Ahmeric میں ادا کئے گئے اِن الفاظ کے ساتھ کیا۔ وہاں موجود سبھی افراد اُن کے اعزاز میں کئی منٹ تک کھڑے رہے اور تالیاں بجاتے رہے، جس سے جمہوریت کی ماں بھارت کے انسانیت کے گہوارے ایتھوپیا کے ساتھ دِل سے دِل کے گہرے تعلقات کا اظہار ہوتا ہے۔*

*وزیرِ اعظم نریندر مودی اور ایتھوپیا کے اُن کے ہم منصب ڈاکٹر آبی احمد علی نے تجارت اور سرمایہ کاری، اختراعات، ٹیکنالوجی، دفاع، صحت، صلاحیتوں کی تشکیل اور کثیر سطحی وابستگی سمیت مختلف شعبوں میں شراکت داری پر تبادلۂ خیال کیا۔*

*دونوں لیڈروں نے غذا کی یقینی فراہمی اور صحت سے متعلق درکار سبھی سہولتوں کی فراہمی کے شعبے، پائیدار زراعت، قدرتی کاشت کاری اور زرعی ٹیکنالوجی کے شعبے میں تعاون، مصنوعی ذہانت کے نئے پروگراموں کو متعارف کرانے اور طلباء کی اسکالرشپس کو دوگنا کرنے اور ڈیجیٹل پبلک انفرا اسٹرکچر میں بڑھ چڑھ کر کام*

کرنے کے شعبوں میں تعلقات کو مزید مستحکم کرنے سے اتفاق کیا۔ وزیرِ اعظم
نے عالمی جنوب کی تشویش سے متعلق آواز اٹھانے کے سلسلے میں ایتھوپیا کے
ساتھ کام کرنے کے بھارت کے عزم کو دوہرایا۔
ایتھوپیا کے عدیس ابابا سے **Sushil** چندر تیواری کی رپورٹ کے ساتھ میں
فرقان خان۔

## RS BIMA BILL

راجیہ سبھا میں ''سب کا بیمہ سب کی رَکشا'' بیمہ قوانین سے متعلق ترمیمی بل **2025** پر بحث اور منظور کئے جانے کیلئے غور و خوض کیا گیا۔ اِس بل کی رُو سے بیمہ ایکٹ **1938**، لائف انشورنس کارپوریشن ایکٹ **1956** اور بیمے کو منضبط کرنے اور ترقی سے متعلق ایکٹ **1999** میں ترمیم کی جائے گی۔ بل میں بھارتی بیمہ کمپنیوں میں غیر ملکی براہِ راست سرمایہ کاری میں اضافے کی تجویز بھی پیش کی گئی ہے۔ یہ بل امدادِ باہمی پر مبنی کسی بیمہ سوسائٹی کی تعریف میں ترمیم کی بات کرتا ہے، جس کے تحت لائف، جنرل اور ہیلتھ انشورنس سے جڑے کاروبار کیلئے کم از کم **100** کروڑ روپے کے پیڈ اَپ شیئر کیپٹل کی شرط کو ہٹانے کی بات کی گئی ہے۔ **x**

## RS REPEALING AND AMENDING BILL

پارلیمنٹ نے منسوخ اور ترمیم کئے جانے سے متعلق بل **2025** کو منظوری دے دی ہے۔ بحث کے بعد آج راجیہ سبھا سے اِسے منظوری مل گئی تھی۔ لوک سبھا نے کل اِس قانون کو منظوری دی تھی۔ یہ بل کچھ قوانین کو منسوخ کرنے اور کچھ دیگر قوانین میں ترمیم کرنے کی بات کرتا ہے۔ اِس کی رُو سے **71** قوانین کو منسوخ کیا گیا ہے، جس میں انڈین ٹرام وے ایکٹ **1886** ، **Levy Sugar Price Equalisation Fund Act 1976** اور بھارت پیٹرولیم کارپوریشن لمیٹیڈ ایکٹ **1988** شامل ہیں۔

اِس بل میں چار ایکٹ میں ترمیم کی بات بھی کہی گئی ہے۔ قانون اور انصاف کے مرکزی وزیر ارجن رام میگھوال نے کہا کہ بل کا مقصد کاروبار کرنے میں آسانی اور طرزِ زندگی میں آسانی کو فروغ دینا ہے۔

انہوں نے وضاحت کی کہ یہ بل قدرتی آفات کے بندوبست سے متعلق ایکٹ **2005** میں ترمیم کی بات کرتا ہے تاکہ لفظ ''روک تھام'' کی جگہ'' تیاری'' استعمال کرکے تحریر میں راہ پاگئی غلطی کو دور کیا جاسکے۔ انہوں نے کہا کہ نریندر مودی حکومت اُن قوانین کو منسوخ کرنے کا سلسلہ جاری رکھے گی، جو فرسودہ ہوچکے ہیں اور جن کا اب کوئی کام نہیں ہے۔**x**

## REV LS - G RAM G BILL

لوک سبھا میں وِکست بھارت روزگار اور آجیویکا مشن گرامین کی گارنٹی: وِکست بھارت - جی رام جی بل 2025 پر بحث اور منظوری کیلئے غور و خوض کیا گیا۔ یہ بل 20 سال پرانے مہاتما گاندھی قومی دیہی روزگار گارنٹی ایکٹ 2005، ایم جی نریگا کی جگہ لے گا۔ اِس بل کی رُو سے دیہی ترقیات کا ایک ایسا خاکہ قائم کیا جائے گا، جو 2047 میں وِکست بھارت کے قومی تصور سے وابستہ ہو۔ اِس قانون کے تحت ہر ایسے دیہی کنبے کو ہر مالی برس میں 125 دن کی اجرت پر مبنی روزگار فراہم کرنے کی گارنٹی دی جائے گی، جس کے بالغ ارکان مہارتوں سے عاری محنت مزدوری کے کام کیلئے تیار ہوں گے۔ یہ قانون ایک خوشحال اور مزاحم دیہی بھارت کیلئے بااختیاری، ترقی، مرکوزیت اور تکمیلیت کو بھی فروغ دے گا۔ x

## LS NUCLEAR BILL

لوک سبھا نے بھارت میں بدلاؤ لانے کیلئے نیوکلیائی توانائی کی پائیدار افزودگی اور ترویج سے متعلق بل، 2025 کو ترمیمات کے ساتھ منظور کرلیا ہے۔ یہ بل، ہم وطنوں کی بہبود کیلئے نیوکلیائی بجلی پیدا کرنے کی خاطر نیوکلیائی توانائی کی ترویج اور تابکاری کے استعمال پر مرکوز ہے۔ اِس بل میں ایٹمی توانائی انضباطی بورڈ اور ایٹمی توانائی کی Redressal Adviosry کونسل کے قیام کی گنجائش موجود ہے۔ بل پر بحث کا جواب دیتے ہوئے ایٹمی توانائی کے وزیر مملکت ڈاکٹر جیتندر سنگھ نے کہا کہ یہ بل تحفظ، سلامتی، معیار سے متعلق یقین دہانی اور ہنگامی تیاریوں کے میکانزم کو مستحکم کرتا ہے۔ انھوں نے کہا کہ یہ بل، ملک کی ترقی کے سفر کو نئی سمت عطا کرے گا۔

بحث میں حصہ لیتے ہوئے کانگریس کے منیش تیواری نے بل کی مخالفت کی اور نیوکلیائی آلات کی سپلائی کرنے والے سپلائرز کو ذمے داری سے استثنیٰ سمیت بل کی کئی نئی شقوں سے متعلق تحفظات کا اظہار کیا۔ x

## LS RAILWAY ELECTRIFICATION

بھارتی ریلوے نے بڑی لائن پر چلنے والی 99 فیصد سے زیادہ ریلوں کو بجلی سے چلنے والی ریل گاڑیاں بنا دیا ہے اور جلد ہی بڑی لائن پر چلنے والی سبھی ریل گاڑیاں بجلی سے چلائی جائیں گی۔ لوک سبھا میں اپنے تحریری جواب میں ریلوے کے وزیر اشونی ویشنو نے کہا کہ ریل گاڑیوں کو بجلی سے چلانے کے معاملے میں، بھارت، برطانیہ کے 39 فیصد، روس کے 52 فیصد اور چین کے 82 فیصد سے بھی آگے ہے۔ x

## LS MURUGAN PRASAR BHARATI

اطلاعات و نشریات کے وزیرِ مملکت ڈاکٹر ایل مروگن نے کہا کہ پرسار بھارتی نے عوامی خدمت کی اقدار کو برقرار رکھتے ہوئے ثقافتی ترویج اور اپنے مواد کے تجارتی استعمال کے فروغ کی خاطر ڈرافٹ Syndication Policy-2025 تیار کی ہے۔

لوک سبھا میں آج اپنے تحریری جواب میں ڈاکٹر مروگن نے بتایا کہ اِس پالیسی کا مقصد دور درشن اور آکاشوانی کے ذریعے تیار کیے گئے مواد کو تجارتی نوعیت کا بنانا، قومی اور مقامی مواد کو محفوظ کرنا اور سرکاری تقریبات، تہواروں اور کھیلوں کی براہ راست نشریات کو ممکن بنانا ہے۔ جناب مروگن نے کہا کہ اِس پالیسی میں پرسار بھارتی کے OTT پلیٹ فارم پر پیش کردہ پہلے ڈیجیٹل مواد کو بھی شامل کیا جا رہا ہے۔ x

## VP GURU TEGH BAHADUR

نائب صدر سی پی رادھا کرشنن نے گرو تیغ بہادر کو عظیم قربانی اور اخلاقی جرأت کے عالمی علم بردار کا قرار دیا ہے۔ آج نئی دلّی میں گرو تیغ بہادر کی شہادت کے 350 سال کی یادگاری تقریبات کے موقع پر بین عقائد کانکلیو سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے یہ بات کہی۔ انہوں نے کہا کہ سکھ گرو، ہمیشہ انصاف کیلئے کھڑے ہوئے اور انھوں نے ظلم وستم کے شکار لوگوں کا دفاع کیا۔ نائب صدر نے مزید کہا کہ بھارت، پیچیدہ عالمی چیلنجوں کے حل پیش کرنے میں دنیا کی قیادت کر رہا ہے۔ x

## PM PARAM VIR GALLERY

وزیر اعظم نریندر مودی نے راشٹرپتی بھون میں پرم ویر گیلری پر مسرت کا اظہار کیا ہے۔ سوشل میڈیا پوسٹ میں وزیر اعظم نے کہا کہ گیلری میں نمائش کیلئے پیش کیے گئے پورٹریٹ، ملک کے ناقابلِ شکست مجاہدین کے تئیں دلی خراجِ عقیدت اور اُن کی قربانیوں کے تئیں ملک کا اظہارِ تشکر ہے۔ جناب مودی نے مزید کہا کہ یہ پورٹریٹ، اُن بہادر جنگجوؤں کی عظمت بیان کرتے ہیں، جنہوں نے عظیم قربانی کے ذریعے مادرِ وطن کا دفاع کیا اور بھارت کے اتحاد اور یکجہتی کیلئے اپنی جان کے نذرانے پیش کیے۔ x

## SHEKHAWAT - NEHRU DOCUMENT

مرکزی وزیرِ ثقافت گجیندر سنگھ شیخاوت نے کہا ہے کہ بھارت کے پہلے وزیرِ اعظم پنڈت جواہر لال نہرو سے متعلق کوئی دستاویز وزیرِ اعظم کے میوزم یا لائبریری سے غائب نہیں پایا گیا۔ سوشل میڈیا پر جاری ایک پوسٹ میں

کانگریس ممبر پارلیمنٹ جے رام رمیش کی بات کا جواب دیتے ہوئے، جناب شیخاوت نے کہا کہ نہرو Papers یو پی اے کی مدتِ کار کے دوران 2008 میں باہر نکالے گئے تھے۔ انہوں نے مزید کہا کہ دانشوروں، تحقیق کاروں، طلباء اور شہریوں کو اصل دستاویزی حوالوں تک رسائی کا حق حاصل ہے تاکہ وہ جواہر لال نہرو کی زندگی اور اُن کے عہد کے بارے میں سچائی پر مبنی اور ایک متوازن تفہیم قائم کرسکیں۔

جناب شیخاوت نے کہا کہ کانگریس کی سینئر لیڈر سونیا گاندھی نے خود تحریری طور پر اعتراف کیا ہے کہ یہ کاغذات، اُن کے پاس ہیں اور انہوں نے اِس سلسلے میں تعاون کا وعدہ کیا ہے۔x

## JADHAV WHO GLOBAL SUMMIT

روایتی ادویات سے متعلق دوسری WHO عالمی چوٹی کانفرنس کا آج نئی دلّی کے بھارت منڈپم میں افتتاح کیا گیا۔ اِسے عالمی ادارۂ صحت، WHO اور آیوش کی وزارت کی جانب سے مشترکہ طور پر منعقد کیا جا رہا ہے۔ چوٹی کانفرنس کا موضوع ہے: ’صحت اور تندرستی کے طریقوں اور سائنس کے درمیان توازن بحال کرنا‘۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے آیوش کے وزیر پرتاپ راؤ جادھو نے روایتی ادویات میں بھارت کے طویل تجربے پر روشنی ڈالی اور تحقیق، معیار کے پیمانوں اور عالمی اشتراک کی اہمیت پر زور دیا۔ انہوں نے واضح کیا کہ سال 2016 میں شروع ہوا یہ اشتراک، روایتی ادویات کو عالمی سطح پر فروغ دینے میں اہم سنگ میل کی نمائندگی کرتا ہے۔

اس دوران WHO کے ڈائریکٹر جنرل ڈاکٹر Tedros Adhanom Ghebreyesus نے ایک ہزار سال کی بصیرت کو جدید سائنس اور ٹیکنالوجی سے مربوط کرنے کے تئیں WHO کی عہد بستگی کو دہرایا۔ x

## CHHATTISGARH MAOISTS

چھتیس گڑھ کے نارائن پور ضلعے میں آج پانچ خواتین سمیت 11 ماؤنوازوں نے خود سپردگی کی۔ اِن ماؤنوازوں پر مجموعی طور پر 37 لاکھ روپے کے انعام کا اعلان کیا گیا تھا۔ ہتھیار ڈالنے والے ماؤنوازوں کو ریاستی حکومت کی باز آبادکاری پالیسی کے تحت معاشی مدد کے طور پر فی کس پچاس ہزار روپے کے چیک دیئے گئے۔ x

## PUTIN UKRAINE

روس کے صدر ولادیمیر پوتن نے آج انتباہ دیا ہے کہ اگر کیف اور اُس کے مغربی اتحادی، امن مذاکرات کے دوران کریملن کے مطالبات کو مسترد کرتے ہیں تو ماسکو، یوکرین میں اپنے اہداف میں توسیع کرسکتا ہے۔ چوٹی کے فوجی افسران کی سالانہ میٹنگ میں اظہار خیال کرتے ہوئے پوتن نے کہا کہ ماسکو، سفارتکاری کے ذریعے اپنے اہداف کے

حصول اور تنازعہ کی جڑ کے خاتمے کو ترجیح دے گا۔ انہوں نے **مزید** کہا کہ اگر یوکرین، امن سمجھوتے پر دستخط کرنے میں ناکام رہتا ہے تو روس اپنی **تاریخی** زمینوں کو فوجی طریقے سے کنٹرول کر لے گا۔ پوتن نے دعویٰ کیا کہ روسی فوج نے پورے محاذ پر اسٹریٹجک **بالادستی** قائم کر رکھی ہے۔ پوتن نے **انتباہ** دیا کہ ماسکو، روسی سرحد پر **buffer** سکیورٹی زون کو وسعت دینے کے معاملے میں آگے بڑھے گا۔

دوسری جانب یوکرین کے صدر ولودیمیر زیلینسکی نے امریکہ اور مغربی ممالک کی **جانب** سے نیٹو اراکین کی طرز پر کیف کو سلامتی گارنٹیوں کی **پیشکش** کے بدلے نیٹو میں شمولیت کی یوکرین کی **دعویداری** واپس **لینے** کی تیاری دکھائی ہے۔x

## IMD WEATHER

بھارتی محکمۂ موسمیات **IMD** نے کل **تک** اترپردیش اور اتراکھنڈ میں **شدید** کہرا چھائے رہنے کی پیشگوئی کی ہے۔ **IMD** نے کہا کہ دہلی، پنجاب، ہریانہ، چنڈی گڑھ اور شمال مشرقی بھارت کے دور دراز کے مقامات پر اگلے دو دن **تک** صبح کے اوقات میں **شدید** کہرا چھایا رہے گا۔ وہیں دہلی-این سی آر میں ہوا کا معیار کچھ بہتر ہوا ہے لیکن ابھی بھی خراب زمرے میں برقرار ہے۔

آلودگی پر قابو پانے کے **مرکزی** بورڈ، **CPCB** کے مطابق قومی راجدھانی میں ہوا کے معیار کا اوسط اشاریہ **AQI** آج شام سات بجے **336** درج کیا گیا۔

## SHOOTING

**نشانے** بازی میں انت جیت سنگھ نَروکا اور درشن راٹھور کی جوڑی نے نئی دلّی میں جاری **68**ویں قومی چمپئن **شپ** مقابلے **Shot Gun** کے سینئر **Skeet** مکسڈ ٹیم مقابلے میں سونے کا تمغہ حاصل کیا ہے۔ **راجستھان** کی اِس جوڑی نے **فائنل** میں اولمپک میں حصہ **لینے** والی معراج احمد خان اور اَریبہ خان کی اترپردیش کی جوڑی کو **43** کے مقابلے **45** سے ہرایا۔ رائیزا ڈِھلّوں اور ایشان سنگھ لِبرا کی ہریانہ کی جوڑی نے مدھیہ پردیش کی جوڑی کو **39** کے مقابلے **41** سے ہرا کر **کانسے** کا تمغہ جیتا۔ x

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆